The Urdu Daily
WATTAN
روزنامہ وطن

# بھارت ہی نہیں ساری دنیا کے مسلمان تعلیم میں پیچھے ہیں

تحریر: غوث سیوانی،

مسلمان ساری دنیا میں پسماندہ کیوں ہیں؟ مغربی ممالک ان پر حکمرانی کیوں کر رہے ہیں؟ مسلم ممالک میں جمہوریت کے بجائے مغرب کی کٹھ پتلی سرکاریں کیوں آتی ہیں؟ تیل، عرب ملکوں میں نکلتا ہے اور اس کی قیمت مغربی ممالک طے کرتے ہیں، ایسا کیوں؟ ان تمام سوالوں کا جواب یہ ہے کہ مسلمان تعلیم میں پیچھے ہیں جبکہ سائنس وٹیکنالوجی کے میدان میں یوروپی ممالک چھائے ہوئے ہیں۔ آج دنیا پر وہی راج کرتا ہے جس کے پاس علم اور سائنس وٹیکنالوجی کی دولت ہوتی ہے۔ آج مسلمان ممالک میں تیل پیدا ہوتا ہے اور اس سے حاصل شدہ دولت عیش وآرام پر خرچ کی جاتی ہے مگر تعلیم اور سائنس وٹیکنالوجی پر خرچ نہیں کی جاتی۔ عرب ممالک چاہیں تو دنیا میں علمی انقلاب لاسکتے ہیں مگر وہ عوام کو تعلیم یافتہ نہیں بنانا چاہتے ہیں۔ اعداد وشمار بتاتے ہیں کہ بائیس عرب ملکوں میں جس قدر ترجمہ اور تالیف کے کام ہوتے ہیں اس سے زیادہ صرف یوروپ کے ایک چھوٹے سے ملک یونان میں ہوتے ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق پوری عرب دنیا میں سالانہ تین سو کے قریب کتابوں کا ترجمہ ہوتا ہے جب کہ صرف یونان میں اس کا پانچ گنا زیادہ ترجمے کا کام ہوتا ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ عرب ملکوں میں ترجمہ کی جانے والی کتابوں میں مذہبی اور مسلکی نوعیت کی کتابیں بڑی تعداد میں ہوتی ہیں۔ سائنس، ٹکنالوجی اور ماڈرن علوم پر جو کام ہوتا ہے وہ تقریباً صفر ہے۔

تعلیمی اداروں کی کمی

دنیا کے 57 مسلم ممالک جو کہ آرگنائزیشن آف اسلامک کوآپریشن (OIC) کے ممبر ہیں ان میں کل 600 سے کم یونیورسٹیاں ہیں، جب کہ اکیلے بھارت میں 8407 چھوٹی بڑی یونیورسٹیاں ہیں اور امریکہ میں 5758 یونیورسٹیاں ہیں۔ او آئی سی کی آبادی 1.4 billion سے زیادہ ہے۔ اسی کے ساتھ ایک مایوس کن سچائی یہ بھی ہے کہ 2004ء میں شنگھائی کی جیاؤ تونگ یونیورسٹی نے دنیا کی 500 ٹاپ یونیورسٹیوں کی رینکنگ کی تھی مگر مسلم ورلڈ کی ایک بھی یونیورسٹی اس میں جگہ نہیں حاصل کرسکی۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ مسلم ورلڈ میں تعلیم کا معیار کیا ہے؟ یہ بھی خیال رہے کہ مسلم ممالک کی یونیورسٹیوں میں جدید علوم سے زیادہ اسلام، عربی اور لٹریچر پر توجہ دی جاتی ہے۔ حالانکہ اسے خالص اسلامی علم کہنا بھی مناسب نہیں ہوگا کیونکہ ان ممالک کے اسلامی علوم پر بھی مسلک حاوی ہے۔ جہاں ایران جیسے ممالک کی یونیورسٹیوں میں شیعیت پر زور دیا جاتا ہے وہیں سعودی عرب جیسے ممالک میں سلفیت پر زور رہتا ہے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ مسلمان، دوسرے مسلمانوں کو گمراہ اور صراط مستقیم سے بھٹکا ہوا سمجھتے ہیں اور یہ شدت پسندی یہاں کے فارغین کے ذریعے مزید آگے بڑھ رہی ہے۔ دوسری طرف افغانستان اور افریقی ممالک خواندگی میں عالمی سطح پر سب سے زیادہ پسماندہ ہیں۔

دنیا کی ٹاپ یونیورسٹیاں اور مسلم دنیا

اس وقت دنیا بھر میں سب سے بہتر امریکہ اور برطانیہ کی یونیورسٹیاں ہیں۔ دنیا کی بیس ٹاپ یونیورٹیوں میں 19 انگریزی بولنے والے ممالک میں ہیں۔ صرف ایک ETC Zurich اس سے باہر کی ہے۔ یہ سوئزرلینڈ کی یونیورسٹی ہے۔ ایشیا کی سب سے اعلیٰ یونیورسٹی، یونیورسٹی آف ہانگ کانگ، عالمی رینکنگ میں 23ویں نمبر پر ہے جب کہ آسٹریلین نیشنل یونیورسٹی 24ویں اور نیشنل یونیورسٹی آف سنگاپور 25ویں مقام پر ہے۔ یونیورسٹی آف انڈونیشیا دنیا کی ٹاپ 300 یونیورسٹیوں میں شامل ہے مگر اس کا معیار دن بدن گرتا جا رہا ہے اور یہ 217 نمبر سے کھسک کر 273ویں نمبر پر آگئی ہے۔

مسلمانوں میں خواندگی کی شرح

دنیا بھر کے مسلمانوں میں صرف چالیس فیصد خواندہ ہیں، باقی 60 فیصد ان پڑھ ہیں۔ جو چالیس فیصد خواندہ ہیں ان میں بڑی تعداد ایسے لوگوں کی ہے جو صرف اپنا دستخط کرسکتے ہیں۔ جب کہ 2005ء کی ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں 78 فیصد عیسائی پڑھے لکھے ہیں۔ 17 مسلم ممالک میں آدھی سے زیادہ بالغ آبادی پڑھنا لکھنا نہیں جانتی ہے۔ ان ممالک میں ان پڑھوں میں 70 فیصد مسلم خواتین شامل ہیں۔ تیونس کو مرکز بنا کر کام کرنے والے ادارے Alecso کی ایک رپورٹ کے مطابق عرب ممالک میں ہر تین میں سے ایک شخص ناخواندہ ہے جب کہ خواتین میں سے پچاس فیصد پڑھنا لکھنا بالکل نہیں جانتی ہیں۔

مسلم بچوں کی ایک بڑی تعداد آج بھی اسکول نہیں جاتی اور سترہ OIC ممالک میں لگ بھگ 60 فیصد بچے پرائمری سطح پر ہی اسکول چھوڑ دیتے ہیں۔ 57 مسلم ممالک میں صرف 26 ملک ایسے ہیں جہاں لڑکوں اور لڑکیوں کے اسکول جانے کا تناسب برابر برابر ہے۔

سعودی عرب میں تعلیم کی ابتر حالت

سعودی عرب میں خواندگی پر زور دیا جا رہا ہے مگر تعلیم پر نہیں۔ نتیجے کے طور پر یہاں خواندگی کی شرح 86 فیصد تک پہنچ گئی ہے اور بعض رپورٹوں میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ یہاں خواندگی کی شرح 96 فیصد ہے مگر تعلیم کا معیار اس قدر معمولی ہے کہ دنیا کے کسی ملک سے اس کا موازنہ نہیں کیا جاسکتا۔ یہاں تک کہ سعودی عرب میں کام کرنے والے ہندوپاک کے لوگ یہاں اپنے بچوں کی تعلیم کے تعلق سے فکرمند رہتے ہیں۔ یہاں اسکولی نصاب میں دینی یا مسلکی میٹریل غالب ہے۔ قرآن کی اشاعت پر ہر سال حکومت کی طرف سے کئی ملین ڈالر خرچ کئے جاتے ہیں مگر مختلف علوم کی طرف سرکار کی کس قدر توجہ ہے اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ پورے ملک میں صرف 250 پبلک لائبریریاں ہیں اور ان میں بھی 2006ء تک خواتین کا داخلہ ممنوع تھا۔ یہاں سائنسی موضوعات پر ریسرچ وتحقیق زیرو ہے۔ حالانکہ سعودی عرب کی دولت سے دنیا بھر میں ہزاروں دینی مدرسے پروان چڑھ رہے ہیں نیز امریکہ ویوروپ کے بینک آباد ہیں۔ تیل پیدا کرنے والے ممالک کے پاس اس قدر دولت ہے کہ وہ چاہیں تو دنیا بھر میں اعلیٰ معیار کی ہزاروں یونیورسٹیاں کھڑی کردیں مگر آج تک انھوں نے ڈھنگ کا پرائمری سکول بھی قائم نہیں کیا۔



پاکستان میں مسلمانوں کی علمی حیثیت

پاکستان میں بھی تعلیمی شرح اچھی نہیں ہے اور شہروں کے مقابلے دیہاتوں میں زیادہ تعلیمی پسماندگی ہے۔ یہ دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جہاں لٹریسی کی شرح سب سے کم ہے۔ پاکستان کی وزارت تعلیم کی ایک رپورٹ کے مطابق یہاں 63 فیصد افراد خواندہ ہیں۔ خواندگی کی شرح الگ الگ علاقوں میں مختلف ہے۔ اسلام آباد میں جہاں 96 فیصد ہے خواندگی کی شرح، وہیں کوہلو ضلع میں یہ محض 28 فیصد ہے جو پاکستان کا سب کم خواندہ ضلع ہے۔ قانونی طور پر 5 سے 16 سال کی عمر کے بچوں کے لئے تعلیم لازمی ہے جس کا انتظام سرکار کے ذمہ ہے مگر اب تک یہ قانون عملی شکل میں دکھائی نہیں دیتا۔ 15 سے 25 سال کی عمر کے نوجوان لڑکوں میں خواندگی کی شرح محض 79 فیصد ہے جب کہ اس عمر کی لڑکیوں میں یہ محض 59 فیصد ہے۔ حالانکہ ساری دنیا میں تیزی سے لٹریسی ریٹ بڑھ رہی ہے اور پرانے لوگ پڑھے لکھے ہوں یا نہیں مگر نئی نسل تعلیم حاصل کر رہی ہے۔ پاکستان میں نئی نسل میں بھی ایک بڑا طبقہ ناخواندہ رہ جاتا ہے۔ یہاں اسکولوں کی صورتحال سے تعلیم کی حالت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ محض 65 فیصد اسکولوں میں ہی پینے کا پانی میسر ہے اور 62 فیصد میں ٹوائلیٹ ہے۔ محض 61 فیصد اسکولوں میں باؤنڈری وال ہے جبکہ 39 فیصد اسکولوں تک ہی بجلی پہنچ پائی ہے۔ حالانکہ یہاں بھی اکثر بجلی غائب رہتی ہے۔ پاکستان کے وہ علاقے جو سیلاب یا تشدد سے متاثر ہیں وہاں لاکھوں بچوں کو اپنی تعلیم کی قربانی دینی پڑ رہی ہے۔

بھارت میں مسلمان تعلیم میں پیچھے

بھارت میں پہلی بار 2001ء میں مذہب کی بنیاد پر یہاں کے لوگوں کے اعداد وشمار سرکاری طور پر جمع کئے گئے۔ اس میں سامنے آیا کہ یہاں کے سبھی صوبوں میں مسلمان دوسرے بھارتیوں کے مقابلے تعلیم میں پسماندہ ہیں۔ یہاں قومی سطح پر مسلمانوں میں خواندگی کی شرح محض 55 فیصد ہے جب کہ عام شہریوں میں خواندگی کی شرح تقریباً 65 فیصد تھی۔ یہاں مسلم خواتین 41 فیصد خواندہ ہیں جب کہ ملک کی باقی خواتین میں یہ شرح 46 فیصد ہے۔ یہ تو قومی سطح کی بات تھی لیکن اگر گاؤں اور شہر کو الگ الگ دیکھیں تو گاؤں کے مسلمان تعلیمی طور پر زیادہ پسماندہ ہیں۔

بھارت میں اس وقت جو خواندگی کی شرح بڑھ رہی ہے اور نئی نسل پڑھ لکھ رہی ہے اس میں بھی مسلمانوں کا تناسب دوسروں کے مقابلے کم ہے۔ یہاں قومی سطح پر لٹریسی ریٹ 17 فیصد کی رفتار سے بڑھ رہی ہے جب کہ مسلمانوں کے اندر یہ محض 15 فیصد کی رفتار سے بڑھ رہی ہے۔ یہاں مسلمانوں میں ڈراپ آؤٹ ریٹ غیرمسلموں کی بہ نسبت زیادہ ہے۔ یہاں کہ تک شیڈول کاسٹ اور شیڈول ٹرائب سے زیادہ مسلم طلبہ درمیان میں ہی تعلیم کا سلسلہ توڑ دیتے ہیں۔

مغرب ممالک کے مسلمان

یوروپ اور امریکہ میں جو مسلمان رہتے ہیں وہ بھی یہاں کے مقامی لوگوں کے مقابلے تعلیم اور روزگار میں پسماندہ ہیں۔ ان میں سے بیشتر تارکین وطن یا ان کے بچے ہیں۔ ڈنمارک ہجرت کرکے آنے والوں میں سے دس سال تک کے دو تہائی عرب بچے ناخواندہ پائے گئے۔ بعد میں جب ان بچوں کی تعلیم شروع ہوئی تب بھی ان کا سائنس، میتھ وغیرہ میں رجحان کم دیکھا گیا اور وہ اپنے کلاس میٹ دوسرے بچوں سے بہت پیچھے رہے۔ ممکن ہے اس کے پیچھے ان کے والدین کی کم علمی اور گھر کا ماحول بھی ذمہ دار رہا ہو۔ یہ بات صرف ڈنمارک کی نہیں ہے بلکہ یوروپ اور امریکی ممالک میں عام طور پر عرب بچے وہاں کے مقامی بچوں سے تعلیم میں پیچھے پائے گئے ہیں۔ برطانیہ میں کام کرنے والے مسلمانوں میں 33 فیصد کے پاس کوئی ڈگری نہیں ہے۔

# مسلمانوں کی تعلیمی پسماندگی کی کہانی، اعداد وشمار کی زبانی - غوث سیوانی



مسلمان ساری دنیا میں پسماندہ کیوں ہیں؟ مغربی ممالک ان پر حکمرانی کیوں کر رہے ہیں؟ مسلم ممالک میں جمہوریت کے بجائے مغرب کی کٹھ پتلی سرکاریں کیوں آتی ہیں؟ تیل، عرب ملکوں میں نکلتا ہے اور اس کی قیمت مغربی ممالک طے کرتے ہیں، ایسا کیوں؟ ان تمام سوالوں کا جواب یہ ہے کہ مسلمان تعلیم میں پیچھے ہیں جبکہ سائنس وٹیکنالوجی کے میدان میں یوروپی ممالک چھائے ہوئے ہیں۔ آج دنیا پر وہی راج کرتا ہے جس کے پاس علم اور سائنس وٹیکنالوجی کی دولت ہوتی ہے۔ آج مسلمان ممالک میں تیل پیدا ہوتا ہے اور اس سے حاصل شدہ دولت عیش وآرام پر خرچ کی جاتی ہے مگر تعلیم اور سائنس وٹیکنالوجی پر خرچ نہیں کی جاتی۔ عرب ممالک چاہیں تو دنیا میں علمی انقلاب لاسکتے ہیں مگر وہ عوام کو تعلیم یافتہ نہیں بنانا چاہتے ہیں۔ اعداد وشمار بتاتے ہیں کہ بائیس عرب ملکوں میں جس قدر ترجمہ اور تالیف کے کام ہوتے ہیں اس سے زیادہ صرف یوروپ کے ایک چھوٹے سے ملک یونان میں ہوتے ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق پوری عرب دنیا میں سالانہ تین سو کے قریب کتابوں کا ترجمہ ہوتا ہے جب کہ صرف یونان میں اس کا پانچ گنا زیادہ ترجمے کا کام ہوتا ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ عرب ملکوں میں ترجمہ کی جانے والی کتابوں میں مذہبی اور مسلکی نوعیت کی کتابیں بڑی تعداد میں ہوتی ہیں۔ سائنس، ٹکنالوجی اور ماڈرن علوم پر جو کام ہوتا ہے وہ تقریباً صفر ہے۔

تعلیمی اداروں کی کمی

دنیا کے 57 مسلم ممالک جو کہ آرگنائزیشن آف اسلامک کوآپریشن (OIC) کے ممبر ہیں ان میں کل 600 سے کم یونیورسٹیاں ہیں، جب کہ اکیلے بھارت میں 8407 چھوٹی بڑی یونیورسٹیاں ہیں اور امریکہ میں 5758 یونیورسٹیاں ہیں۔ او آئی سی کی آبادی 1.4 billion سے زیادہ ہے۔ اسی کے ساتھ ایک مایوس کن سچائی یہ بھی ہے کہ 2004ء میں شنگھائی کی جیاؤ تونگ یونیورسٹی نے دنیا کی 500 ٹاپ یونیورسٹیوں کی رینکنگ کی تھی مگر مسلم ورلڈ کی ایک بھی یونیورسٹی اس میں جگہ نہیں حاصل کرسکی۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ مسلم ورلڈ میں تعلیم کا معیار کیا ہے؟ یہ بھی خیال رہے کہ مسلم ممالک کی یونیورسٹیوں میں جدید علوم سے زیادہ اسلام، عربی اور لٹریچر پر توجہ دی جاتی ہے۔ حالانکہ اسے خالص اسلامی علم کہنا بھی مناسب نہیں ہوگا کیونکہ ان ممالک کے اسلامی علوم پر بھی مسلک حاوی ہے۔ جہاں ایران جیسے ممالک کی یونیورسٹیوں میں شیعیت پر زور دیا جاتا ہے وہیں سعودی عرب جیسے ممالک میں سلفیت پر زور رہتا ہے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ مسلمان، دوسرے مسلمانوں کو گمراہ اور صراط مستقیم سے بھٹکا ہوا سمجھتے ہیں اور یہ شدت پسندی یہاں کے فارغین کے ذریعے مزید آگے بڑھ رہی ہے۔ دوسری طرف افغانستان اور افریقی ممالک خواندگی میں عالمی سطح پر سب سے زیادہ پسماندہ ہیں۔

دنیا کی ٹاپ یونیورسٹیاں اور مسلم دنیا

اس وقت دنیا بھر میں سب سے بہتر امریکہ اور برطانیہ کی یونیورسٹیاں ہیں۔ دنیا کی بیس ٹاپ یونیورٹیوں میں 19 انگریزی بولنے والے ممالک میں ہیں۔ صرف ایک ETC Zurich اس سے باہر کی ہے۔ یہ سوئزرلینڈ کی یونیورسٹی ہے۔ ایشیا کی سب سے اعلیٰ یونیورسٹی، یونیورسٹی آف ہانگ کانگ، عالمی رینکنگ میں 23ویں نمبر پر ہے جب کہ آسٹریلین نیشنل یونیورسٹی 24ویں اور نیشنل یونیورسٹی آف سنگاپور 25ویں مقام پر ہے۔ یونیورسٹی آف انڈونیشیا دنیا کی ٹاپ 300 یونیورسٹیوں میں شامل ہے مگر اس کا معیار دن بدن گرتا جا رہا ہے اور یہ 217 نمبر سے کھسک کر 273ویں نمبر پر آگئی ہے۔

مسلمانوں میں خواندگی کی شرح

دنیا بھر کے مسلمانوں میں صرف چالیس فیصد خواندہ ہیں، باقی 60 فیصد ان پڑھ ہیں۔ جو چالیس فیصد خواندہ ہیں ان میں بڑی تعداد ایسے لوگوں کی ہے جو صرف اپنا دستخط کرسکتے ہیں۔ جب کہ 2005ء کی ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں 78 فیصد عیسائی پڑھے لکھے ہیں۔ 17 مسلم ممالک میں آدھی سے زیادہ بالغ آبادی پڑھنا لکھنا نہیں جانتی ہے۔ ان ممالک میں ان پڑھوں میں 70 فیصد مسلم خواتین شامل ہیں۔ تیونس کو مرکز بنا کر کام کرنے والے ادارے Alecso کی ایک رپورٹ کے مطابق عرب ممالک میں ہر تین میں سے ایک شخص ناخواندہ ہے جب کہ خواتین میں سے پچاس فیصد پڑھنا لکھنا بالکل نہیں جانتی ہیں۔

مسلم بچوں کی ایک بڑی تعداد آج بھی اسکول نہیں جاتی اور سترہ OIC ممالک میں لگ بھگ 60 فیصد بچے پرائمری سطح پر ہی اسکول چھوڑ دیتے ہیں۔ 57 مسلم ممالک میں صرف 26 ملک ایسے ہیں جہاں لڑکوں اور لڑکیوں کے اسکول جانے کا تناسب برابر برابر ہے۔

سعودی عرب میں تعلیم کی ابتر حالت

سعودی عرب میں خواندگی پر زور دیا جا رہا ہے مگر تعلیم پر نہیں۔ نتیجے کے طور پر یہاں خواندگی کی شرح 86 فیصد تک پہنچ گئی ہے اور بعض رپورٹوں میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ یہاں خواندگی کی شرح 96 فیصد ہے مگر تعلیم کا معیار اس قدر معمولی ہے کہ دنیا کے کسی ملک سے اس کا موازنہ نہیں کیا جاسکتا۔ یہاں تک کہ سعودی عرب میں کام کرنے والے ہندوپاک کے لوگ یہاں اپنے بچوں کی تعلیم کے تعلق سے فکرمند رہتے ہیں۔ یہاں اسکولی نصاب میں دینی یا مسلکی میٹریل غالب ہے۔ قرآن کی اشاعت پر ہر سال حکومت کی طرف سے کئی ملین ڈالر خرچ کئے جاتے ہیں مگر مختلف علوم کی طرف سرکار کی کس قدر توجہ ہے اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ پورے ملک میں صرف 250 پبلک لائبریریاں ہیں اور ان میں بھی 2006ء تک خواتین کا داخلہ ممنوع تھا۔ یہاں سائنسی موضوعات پر ریسرچ وتحقیق زیرو ہے۔ حالانکہ سعودی عرب کی دولت سے دنیا بھر میں ہزاروں دینی مدرسے پروان چڑھ رہے ہیں نیز امریکہ ویوروپ کے بینک آباد ہیں۔ تیل پیدا کرنے والے ممالک کے پاس اس قدر دولت ہے کہ وہ چاہیں تو دنیا بھر میں اعلیٰ معیار کی ہزاروں یونیورسٹیاں کھڑی کردیں مگر آج تک انھوں نے ڈھنگ کا پرائمری سکول بھی قائم نہیں کیا۔

پاکستان میں مسلمانوں کی علمی حیثیت

پاکستان میں بھی تعلیمی شرح اچھی نہیں ہے اور شہروں کے مقابلے دیہاتوں میں زیادہ تعلیمی پسماندگی ہے۔ یہ دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جہاں لٹریسی کی شرح سب سے کم ہے۔ پاکستان کی وزارت تعلیم کی ایک رپورٹ کے مطابق یہاں 63 فیصد افراد خواندہ ہیں۔ خواندگی کی شرح الگ الگ علاقوں میں مختلف ہے۔ اسلام آباد میں جہاں 96 فیصد ہے خواندگی کی شرح، وہیں کوہلو ضلع میں یہ محض 28 فیصد ہے جو پاکستان کا سب کم خواندہ ضلع ہے۔ قانونی طور پر 5 سے 16 سال کی عمر کے بچوں کے لئے تعلیم لازمی ہے جس کا انتظام سرکار کے ذمہ ہے مگر اب تک یہ قانون عملی شکل میں دکھائی نہیں دیتا۔ 15 سے 25 سال کی عمر کے نوجوان لڑکوں میں خواندگی کی شرح محض 79 فیصد ہے جب کہ اس عمر کی لڑکیوں میں یہ محض 59 فیصد ہے۔ حالانکہ ساری دنیا میں تیزی سے لٹریسی ریٹ بڑھ رہی ہے اور پرانے لوگ پڑھے لکھے ہوں یا نہیں مگر نئی نسل تعلیم حاصل کر رہی ہے۔ پاکستان میں نئی نسل میں بھی ایک بڑا طبقہ ناخواندہ رہ جاتا ہے۔ یہاں اسکولوں کی صورتحال سے تعلیم کی حالت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ محض 65 فیصد اسکولوں میں ہی پینے کا پانی میسر ہے اور 62 فیصد میں ٹوائلیٹ ہے۔ محض 61 فیصد اسکولوں میں باؤنڈری وال ہے جبکہ 39 فیصد اسکولوں تک ہی بجلی پہنچ پائی ہے۔ حالانکہ یہاں بھی اکثر بجلی غائب رہتی ہے۔ پاکستان کے وہ علاقے جو سیلاب یا تشدد سے متاثر ہیں وہاں لاکھوں بچوں کو اپنی تعلیم کی قربانی دینی پڑ رہی ہے۔

بھارت میں مسلمان تعلیم میں پیچھے

بھارت میں پہلی بار 2001ء میں مذہب کی بنیاد پر یہاں کے لوگوں کے اعداد وشمار سرکاری طور پر جمع کئے گئے۔ اس میں سامنے آیا کہ یہاں کے سبھی صوبوں میں مسلمان دوسرے بھارتیوں کے مقابلے تعلیم میں پسماندہ ہیں۔ یہاں قومی سطح پر مسلمانوں میں خواندگی کی شرح محض 55 فیصد ہے جب کہ عام شہریوں میں خواندگی کی شرح تقریباً 65 فیصد تھی۔ یہاں مسلم خواتین 41 فیصد خواندہ ہیں جب کہ ملک کی باقی خواتین میں یہ شرح 46 فیصد ہے۔ یہ تو قومی سطح کی بات تھی لیکن اگر گاؤں اور شہر کو الگ الگ دیکھیں تو گاؤں کے مسلمان تعلیمی طور پر زیادہ پسماندہ ہیں۔

بھارت میں اس وقت جو خواندگی کی شرح بڑھ رہی ہے اور نئی نسل پڑھ لکھ رہی ہے اس میں بھی مسلمانوں کا تناسب دوسروں کے مقابلے کم ہے۔ یہاں قومی سطح پر لٹریسی ریٹ 17 فیصد کی رفتار سے بڑھ رہی ہے جب کہ مسلمانوں کے اندر یہ محض 15 فیصد کی رفتار سے بڑھ رہی ہے۔ یہاں مسلمانوں میں ڈراپ آؤٹ ریٹ غیر مسلموں کی بہ نسبت زیادہ ہے۔ یہاں کہ تک شیڈول کاسٹ اور شیڈول ٹرائب سے زیادہ مسلم طلبہ درمیان میں ہی تعلیم کا سلسلہ توڑ دیتے ہیں۔

مغرب ممالک کے مسلمان

یوروپ اور امریکہ میں جو مسلمان رہتے ہیں وہ بھی یہاں کے مقامی لوگوں کے مقابلے تعلیم اور روزگار میں پسماندہ ہیں۔ ان میں سے بیشتر تارکین وطن یا ان کے بچے ہیں۔ ڈنمارک ہجرت کرکے آنے والوں میں سے دس سال تک کے دو تہائی عرب بچے ناخواندہ پائے گئے۔

J&K Bank
Serving To Empower

BAJAJ Allianz
Caringly yours




Bajaj Allianz Health Guard Policy helps you stay on guard financially so that you and your family members are always safe from uncertain medical events.

Key Features & Benefits

*Pre and Post-Hospitalization Expenses*

*Preventive Health Check-Up*

*Recharge Benefit*

*Super Cumulative Bonus (Platinum Plan)*

To know more, contact your **J&K Bank's Relationship Manager**

Bajaj Allianz General Insurance Co. Ltd., Bajaj Allianz House, Airport Road, Yerawada, Pune - 411006. IRDAI Reg No.: 113. | CIN: U66010PN2000PLC015329 | UIN: BAJHLIP23212V062223 | web: www.bajajallianz.com | Toll free: 1800-209-5858 / 1800-209-0144

J&K Bank Ltd is a licensed Corporate Agent [bearing License No.: CA0029] of Bajaj Allianz General Insurance Company Ltd. [IRDAI registration No. 113]. The benefits/features of products are indicative and for more details on risk factors and Terms and Conditions, please read the sales brochure before concluding a sale. | BJAZ-P-JK-0015/15-11-2023

PUBLISHED BY: BISMA TAJAMUL, PRINTED BY: BISMA TAJAMUL on behalf of BISMA TAJAMUL R.N.I No: JKURD/2011/37141,
Printed At : K.T. Press Pvt Ltd. Rangreth Budgam J&K 190021 , Published From: NEW BUS STAND, BUDGAM J&K 191111, Editor: BISMA TAJAMUL
CONTACT NO. 9419786936, 6006551484, EMAIL: WATTANDAILY@GMAIL.COM,